سوال

(36) مسجد کے فنڈ سے جلسہ وغیرہ کروانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسجد کی ضرورت کے لئے جوچندہ وصول کیا جاتا ہے کیا اس رقم سے جلسہ وغیرہ کاخرچہ برداشت کیا جاسکتا ہے (یعنی اس چندے سے اشتہارات علما حضرات کے کھانے ودیگر لوازمات پورے کئے جاسکتے ہیں ؟)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مسجد کے لئے جوچندہ جمع کیا جاتا ہے اسے صرف مسجد کی ضروریات اوراس کے دیگر لوازمات وغیرہ پر ہی صرف کیا جاسکتا ہے، مثلاً: بجلی کا بل ، صفیں خریدنا ، وضو کا اہتمام اور پانی کا انتظام وغیرہ ۔ جلسہ وغیرہ کا اہتمام مسجد کی بنیادی ضرورت نہیں ہے کیونکہ مقامی طور پر دعوت وارشاد کا کام خطیب سے پورا ہورہا ہے ۔ اگر اہل مسجد جلسہ وغیرہ کی ضرورت محسوس کرتے ہیں تو اکیلے جلسہ کے نام پر الگ چندہ جمع کیا جائے ، مسجد کا چندہ جو مسجد کے نام سے جمع کیا گیا ہو اسے مسجد کی ضروریات پر ہی صرف کرنا چاہیے اگر مسجد میں مستقل طور پر رشد وہدایت کا بندوبست کردیا جائے توسب سے بہتر ہے تاکہ مسجد میں آنے والے نمازی اپنی دینی تشنگی دور کرسکیں اور زندگی میں پش آمدہ مسائل کا حل تلاش کرسکیں ۔ [واللہ اعلم]

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد:2، صفحہ:80